# کینٹونمنٹ بورڈ ایبٹ آباد چھاؤنی

## نوٹس نیلامی سالانہ ٹھیکہ جات

بذریعہ نوٹس ہذا ہر خاص و عام کی اطلاع کے لیے مشتہر کیا جاتا ہے کہ کینٹونمنٹ بورڈ ایبٹ آباد اپنی حدود کے اندر درج ذیل ٹھیکہ برائے سال 26-2025 مورخہ (01-11-2025 تا 31-10-2026) بذریعہ نیلام عام دینے کا خواہشمند ہے۔ خواہشمند حضرات درج ذیل شیڈول کے مطابق دفتر کینٹونمنٹ بورڈ واقع نزد CMH مانسہرہ روڈ ایبٹ آباد کینٹ میں مورخہ 16 / 06 /2025 بوقت 02 بجے دن کو حاضر ہو کر نیلامی میں حصہ لے کر موقع سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ اگر کسی وجہ سے مذکورہ تاریخ کو نیلامی منسوخ ہوگئی تو دوبارہ نیلامی مورخہ 17 / 06 /2025 جبکہ سہ بارہ نیلامی بولی مورخہ 18 / 06 /2025 کو ہوگی اور اس کے بارے دوبارہ اخبار اشتہار نہیں دیا جائے گا۔

| نمبر شمار | ٹھیکہ برائے 03 سال | رقم کال ڈیپازٹ | تفصیلات |
|---|---|---|---|
| 1 | نیلامی ٹھیکہ وصولی پارکنگ فیس، پائن دیو روڈ نزد پی ٹی سی ایل دفتر، نزد لیڈی گارڈن، علامہ اقبال روڈ، بلمقابل G.P.O، کلب روڈ، ایبٹ آباد | مبلغ -/500,000 روپے | **شرح پارکنگ فیس**<br>پہلے 2 گھنٹے مبلغ -/40 روپے فی گاڑی<br>ہر اضافی 2 گھنٹوں پر مبلغ -/50 روپے فی گاڑی<br>ماہانہ فیس (گھنٹوں کا شمار نہیں ہوگا) مبلغ -/2,500 روپے ماہوار |

## شرائط نیلامی

1- ایسے افراد جن کے ذمہ کینٹونمنٹ بورڈ ایبٹ آباد کے واجبات ہوں یا دفتر ہذا سے مقدمہ بازی میں ملوث رہے ہوں یا کسی بھی سرکاری ادارے سے بلیک لسٹڈ ہوں، نیلامی میں حصہ لینے کے اہل نہیں ہوں گے۔

2- خواہشمند حضرات کو بولی شروع ہونے سے قبل مذکورہ بالا زرضمانت بصورت کال ڈیپازٹ/بینک ڈرافٹ جمع کرانا ہوگی، جو پہلے اور دوسرے نمبر پر آنے والوں کے علاوہ بولی کے اختتام پر باقی سب کو واپس کر دیئے جائیں گے۔ مطلوبہ رقم کا پے آرڈر / کال ڈیپازٹ جمع کروانا لازمی ہے، نقد رقم قابلِ قبول نہ ہوگی۔ نیز بولی میں حصہ لینے سے قبل تمام بولی دہندگان کو اپنے اپنے کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی نقل دفتر ہذا میں جمع کرانا ہوگی۔

3- کامیاب بولی دہندہ بولی کے اختتام پر کل بولی کا 25% بطور سیکیورٹی (قابل واپسی) جمع کروائے گا جو ٹھیکہ کی مدت ختم ہونے کے بعد واپس کر دی جائے گی۔ سیکیورٹی کی رقم ٹھیکہ کی مدت کے دوران سیکیورٹی ماہانہ اقساط میں ایڈجسٹ نہیں کی جائے گی۔

4- دوسرے نمبر پر آنے والے بولی دہندہ کی کال ڈیپازٹ اُس وقت تک دفتر ہذا میں جمع رہے گی جب تک کامیاب بولی دہندہ اپنی کل بولی کا 25% جمع نہیں کروا دیتا۔

5- ٹھیکیدار کو ٹھیکہ کی رقم کے مطابق پوسٹ ڈیٹڈ چیک دینا ہونگا جو کے سال کے ایڈوانس (12 ماہ کی قسط) کے طور پر وصول کی جائیگا۔

6- شرائط نیلامی کی خلاف ورزی، اوور چارجنگ یا ماہانہ قسط کی ادائیگی میں زیادہ تاخیر کی صورت میں ٹھیکہ کینسل کر دیا جائے گا اور سیکیورٹی کی رقم بحق سرکار ضبط کر لی جائے گی۔ ٹھیکہ کی مدت پوری ہونے سے پہلے ٹھیکہ چھوڑنے والے ٹھیکیدار کی سیکیورٹی کی رقم بھی بحق سرکار ضبط کر لی جائے گی۔

7- ٹھیکیدار بولی کی حتمی منظوری کے پندرہ دن کے اندر اندر دفتر ہذا سے اپنے خرچہ پر ٹھیکہ کا تحریری معاہدہ کرنے کا پابند ہوگا۔

8- انکم ٹیکس کا اطلاق حکومت کے مجوزہ قوانین کے مطابق ہوگا جو کامیاب بولی دہندہ کو ادا کرنا ہوگا جو کہ ایڈوانس وصول کیا جائیگا۔

9- بولی کی حتمی منظوری کینٹونمنٹ بورڈ ایبٹ آباد / مجاز اتھارٹی کی منظوری کے تابع ہوگی۔

10- زیر دستخطی / مجاز اتھارٹی کو پیپرا قوانین کے تحت بولی کو منظور / مسترد کرنے کا اختیار حاصل ہوگا۔

11- دیگر شرائط و ضوابط یا نیلامی سے متعلق کسی بھی معلومات کے لئے دفتری اوقات کار میں دفتر ہذا سے رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

12- اس اشتہار کی کاپی پیپرا کی ویب سائٹ پر بھی ملاحظہ کی جا سکتی ہے۔

المشتہر

کینٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر

ایبٹ آباد چھاؤنی

Syed Mohsin Hassan
Assistant Director (Web Design)
Tuesday, 27 May, 2025, 12:59:28 PM

Syed Mohsin Hassan
Assistant Director (Web Design)
Tuesday, 27 May, 2025, 12:59:28 PM